



# افضل خان: کیا ایک مسلمان سپہ سالار نے اپنی 63 بیویاں ایک نجومی کی پیش گوئی کی بنیاد پر قتل کی تھیں؟



**وقار مصطفیٰ**

چبوترے پر قبروں کی سات قطاریں ہیں۔ پہلی چار قطاروں میں گیارہ، پانچویں قطار میں پانچ جبکہ چھٹی اور ساتویں قطار میں سات، سات۔۔۔ اِن قبروں کی کل تعداد 63 ہے۔ یکساں درمیانی فاصلے، سائز اور ڈیزائن سے بظاہر گمان ہوتا ہے کہ یہ ایسے افراد کے لیے بنائی گئیں جنھوں نے ایک ہی عرصے میں وفات پائی۔ قبروں کا چپٹا اوپری حصہ ظاہر کرتا ہے کہ یہ سب قبریں خواتین کی ہیں۔ قبروں کی زیادہ تعداد کے باوجود 'ساٹھ قبر' کے نام سے جانا جانے والا یہ 'تاریک سیاحتی مقام' انڈیا کی ریاست کرناٹک کے شہر بیجاپور میں ہے۔ یہ شہر 1668 تک عادل شاہی حکمرانوں کا دارالسلطنت تھا۔ اِسی سلطنت کے سپہ سالار افضل خان نے بیجاپور سلطنت کی جنوب میں توسیع میں اہم کردار ادا کیا تھا۔ سنہ 1659 میں مراٹھا جنگجو، شِواجی کی جانب سے پریشان ہوئے تو اُس وقت کے بیجاپور کے سلطان علی عادل شاہ ثانی نے سپہ سالار افضل خان ہی کو انھیں زیر کرنے کے لیے بھیجا۔ آرکیالوجیکل سروے آف انڈیا سے منسلک ہنری گوسنز کے مطابق نجومیوں نے افضل خان کو بتایا کہ وہ اس مہم سے زندہ واپس نہیں لوٹ سکیں گے۔ گوسنز نے اپنی کتاب 'بیجاپور: دی اولڈ کیپٹل آف دی عادل شاہی کنگز' میں کہا ہے کہ افضل خان نے اس پیش گوئی پر اتنا یقین کیا کہ اپنے معاملات اِسی کے مطابق نمٹائے۔ سنہ 1905 میں چھپی اس کتاب میں تحریر ہے کہ 'روایت کے مطابق وہ (افضل خان) اپنا مقبرہ اور اُس سے ملحق مسجد اپنی زندگی ہی میں (اپنے محل کے پاس) بنوا رہے تھے۔' 'بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ یہ دومنزلہ مسجد 1653 میں مکمل ہو گئی تھی۔ (خیال کیا جاتا ہے کہ اوپر کی منزل شاید خواتین کے لیے مخصوص ہو)۔ اس کے محراب میں یہ تاریخ افضل خان کے نام کے ساتھ درج ہے۔ تاہم جب انھیں شِواجی کے خلاف مہم پر نکلنے کا حکم ہوا، اس وقت تک مقبرہ مکمل نہیں ہوا تھا۔'

### 'بیویوں کو ڈبو کر مارنے کا فیصلہ'

'افضل خان پیش گوئی سے اِس قدر متاثر تھے کہ مہم پر نکلنے کا سال اپنی تاریخِ وفات کے طور پر مقبرے کے کتبے پر لکھوا دیا تھا۔ بیجاپور کو چھوڑتے ہوئے انھوں نے اور ان کی وجہ سے ان کے دوستوں نے بھی تصور کر لیا تھا کہ وہ اب اس شہر میں واپس نہیں آئیں گے۔' 'اسی لیے وہ اپنی بیویوں کو ڈبو کر مارنے کا فیصلہ بھی کر لیتے ہیں۔' انڈیا کے اخبار 'دی ہندو' کے لیے مؤرخ لکشمی شرتھ نے لکھا ہے کہ افضل خان اپنی تمام بیویوں کو ایک ایک کر کے کنویں میں دھکیل دیا تا کہ جنگ میں اُن کی ہلاکت کے بعد وہ کسی اور کے ہاتھ نہ لگ جائیں۔' ان کی ایک بیوی نے فرار ہونے کی کوشش کی، لیکن اسے بھی پکڑ کر مار دیا گیا۔' لیکن ہنری گوسنز کے مطابق 63 خواتین کی قبروں کے علاوہ اس احاطے میں موجود ایک قبر خالی ہے۔ 'شاید ایک یا دو خواتین بچ نکلی ہوں اور خالی قبر اسی بات کی نشان دہی کرتی ہے۔' مؤرخ جادوناتھ سرکار کے مطابق افضل خان کی مہلک مہم کے بارے میں کئی داستانیں اگلے سالوں میں مشہور ہوئیں۔ 'ان میں سے ایک میں کہا گیا کہ افضل خان کو شِواجی کے خلاف مہم پر نکلنے سے پہلے ایک نجومی نے ان کی موت کی پیش گوئی کی تھی۔ اس لیے انھوں نے بیجاپور کے قریب افضل پورہ میں اپنی 63 بیویوں کو قتل کر کے دفن کر دیا تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ اُن کی موت کے بعد کوئی اور مرد انھیں حاصل نہ کرے۔' محمد انیس الرحمٰن خان کی تحقیق ہے کہ انڈیا کی موجودہ ریاست کرناٹک کے فصیل بند شہر بیجاپور میں الامین میڈیکل کالج کے قریب جنگلات و بیابان کے درمیان ایک پُرانی عمارت کے وسط میں ایک چبوترے پر سات قطاروں میں ایک ہی جیسی کئی قبریں موجود ہیں جو قرب و جوار میں 'ساٹھ قبر' کے نام سے مشہور ہیں۔ 'یہ بھی مشہور ہے کہ یہ تمام ساٹھ قبریں افضل خان کی اُن بیویوں کی ہیں جن کو انھوں نے شِواجی کے ساتھ ایک معرکے سے قبل اپنے ہاتھوں سے اس لیے موت کے گھاٹ اُتار دیا تھا تا کہ افضل خان کی موت کے بعد ان کی بیویوں کے ساتھ کوئی دوسرا شادی نہ کر لے یا اُن کو قیدی بنا کر بے عزت نہ کرے۔' 'افضل خان اپنی بیویوں کے پاس ہی دفن ہونا چاہتے تھے لیکن وہ میدان جنگ سے کبھی واپس ہی نہیں آ سکے۔' انیس الرحمٰن خان محمد شائق اقبال چشتی کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ 'عوام میں یہ مشہور ہے کہ یہاں 60 قبریں ہیں۔ ایسا نہیں ہے بلکہ یہاں 64 قبریں ہیں۔ ان میں ایک قبر سطحِ زمین سے مل چکی ہے مگر اس کے نشانات واضح ہیں۔' 'قبروں کی بناوٹ سے یہ صاف ظاہر ہوتا ہے کہ یہ تمام قبریں خواتین ہی کی ہیں۔' وہ لکھتے ہیں 'یہ قبرستان شاہی خاندان کی خواتین کے لیے مخصوص کیا گیا ہوگا۔ عادل شاہی دور ایک علمی دور ہے اور بادشاہوں کے دور میں سلطنت کے لیے جنگ ہونا ایک عام بات تھی، ایسے میں اس دور کا سپہ سالار جہالت سے بھرا بزدلانہ قدم کیسے اُٹھا سکتا ہے؟' تاہم لکشمی شرتھ جیسے سیاح ان قبروں کا پسِ منظر اسی کہانی کو مانتے ہیں۔ انھوں نے لکھا کہ 'کالے پتھر سے بنی یہ قبریں ترتیب میں ہیں۔ ان میں سے کچھ کے پتھر ٹوٹے ہوئے ہیں۔ یہاں کی خاموشی ناگوار ہے، یہ اُن خواتین کی آخری چیخوں سے گونج رہی ہے جنھیں موت کے منھ میں دھکیل دیا گیا تھا۔ میں ایک کپکپاہٹ محسوس کرتی ہوں۔' انھوں نے مزید لکھا ہے کہ 'بظاہر افضل خان اپنی بیویوں کے پاس ہی دفن ہونا چاہتے تھے لیکن وہ میدان جنگ سے کبھی واپس ہی نہیں آ سکے۔' گوسنز کے مطابق افضل خان کے محل کے آثار کے شمال میں واقع اُن کا مقبرہ خالی ہی رہا۔ وہ لکھتے ہیں 'افضل خان پرتاب گڑھ کی ڈھلوانوں پر اسی جگہ کے نزدیک دفن ہیں جہاں وہ قتل ہوئے۔ ان کے جسدِ خاکی کو ان کے مقبرہ میں تدفین کے لیے منتقل نہیں کیا گیا۔' جب وہ مارے گئے اس سال کے بعد اگلے سال کا بھی ایک مہینا گزر چکا تھا۔'

# بیٹیاں شہزادی ہوتی ہیں لیکن صرف اپنی اپنی!!

**تحریر: جاوید اختر بھارتی**

یوں تو سوشل میڈیا پر خوب تذکرہ کیا جاتا ہے کہ بیٹی رحمت ہوتی ہے، بیٹی باپ کی لاٹھی ہوتی ہے، بیٹی ماں کے گلے کا ہار ہوتی ہے، بیٹی باپ کے سر کی پگڑی ہوتی ہے، گھر و آنگن کا اجالا ہوتی ہے آنکھوں کا تارا ہوتی ہے، مگر یہ ساری کہاوت محاورے محدود ہیں یعنی بیٹی کے اندر جتنی بھی خصوصیات ہیں وہ صرف اپنی بیٹی میں نظر آتی ہیں دوسرے کے بیٹی میں نظر نہیں آتی ،، بہت ساری چیزیں ایسی ہیں جو آج بھی مسلم اور غیر مسلم دونوں میں دیکھی جاتی ہیں لیکن ہمیں غیروں سے شکوہ نہیں ہمیں تو اپنوں سے مطلب ہے،، اسلام کے اندر مساوات ہے مگر مسلمانوں میں نہیں، اسلام میں اونچ نیچ، بھید بھاؤ، چھوا چھوت نہیں لیکن مسلمانوں میں ہے، اسلام میں خرافات نہیں لیکن مسلمانوں میں ہے، اسلام میں آتش بازیاں نہیں لیکن مسلمانوں میں ہے، اسلام میں بارات نہیں لیکن مسلمانوں میں ہے، اسلام میں لڑکی کے باپ کے گھر ولیمہ نہیں لیکن مسلمانوں میں ہے، اسلام میں بیوہ کی عزت ہے مگر مسلمانوں میں نہیں، اسلام میں غریبوں کی عزت ہے مگر مسلمانوں میں نہیں، اسلام میں بہو کی عزت ہے مگر مسلمانوں میں نہیں،، اسلام نے ایک عورت کو بیٹی، بہن، بہو اور ماں اور دادی و نانی کا درجہ دیا ہے اور سب کا مقام بتایا ہے مگر مسلمانوں کو یہ سب کچھ نظر بھی آتا ہے تو صرف تقریر و تحریر کے انداز میں عملی طور پر معاملہ بہت خراب ہے صرف غیروں میں نہیں بلکہ مسلمانوں کے وہاں بھی بہو کو ستانے کا سلسلہ جاری ہے اور حد تو تب ہو جاتی ہے جب اپنے کو متقی اور پرہیز گار سمجھنے والے بھی بہو کو ستاتے ہیں بات بات پر طعنے مارے جاتے ہیں وہاں انھیں احساس ہی نہیں ہوتا کہ یہ بھی کسی کی بیٹی ہے صرف واہ واہی لوٹنے کے لئے کہا جاتا ہے کہ بیٹی رحمت ہے زحمت نہیں ،، ذرا آجکل کے حالات پر نگاہ ڈالیں اور دل پر ہاتھ رکھ کر غور کریں کہ جس گھر سے 9 بیٹیوں کا جنازہ ایک ساتھ نکلا وہ بیٹیاں رحمت تھیں یا زحمت؟ جس نے اپنی بیٹی کو پال پوس کر بڑا کیا پڑھایا لکھایا اور رشتہ لگایا تو جہیز کی فہرست باپ کے ہاتھوں میں تھمادی گئی باپ قرض لے لے کر سارے مطالبات پورے کئے قرض کے بوجھ تلے باپ کی کمر ٹوٹ گئی چیخیں مارتے ہوئے اور آنکھوں سے آنسو بہاتے ہوئے بیٹی کو رخصت کرتا ہے اور صبح ہوتے ہی باپ کو خبر دی جاتی ہے کہ تیری بیٹی کی روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی تیری بیٹی کا انتقال ہو گیا باپ جب بیٹی کی سسرال پہنچتا ہے تو دیکھتا ہے کہ سفید کپڑا بیٹی کی لاش پر اوڑھایا گیا ہے باپ کو خیال آتا ہے کہ میں نے تو سب کچھ دیا مگر اس فہرست میں سفید کپڑا تو نہیں لکھا تھا آخر یہ کہاں سے آیا باپ نے بیٹی کا چہرہ دیکھا اور چیخیں مارتے ہوئے کپڑا اٹھا کر پھینک دیا اور اپنی چادر اوڑھا کر کہا کہ اے میری بیٹی کے قاتلوں نہیں چاہئے تمہارا کوئی احسان ساری چیزیں تو تم نے مجھ سے مانگی تو یہ کفن کیوں نہیں مانگا ،، آج تو میرے پاس کفن بھی خریدنے کے لئے پیسہ نہیں ہے مگر پھر بھی میں اپنی چادر میں اپنی بیٹی کو دفن کروں گا مگر تمہارا کپڑا نہیں چاہئے بتائیے اس گھر کی چہار دیواری میں بہو کو اپنی بیٹی سمجھا گیا یا غیر کی بیٹی سمجھا گیا؟ بیٹی شہزادی ہوتی ہے مگر باپ کے آنگن میں، یہی بیٹی جب سسرال جاتی ہے بہو کہلاتی ہے ،، تو ستائی جاتی ہے، جلائی جاتی ہے، گالیاں دیجاتی ہیں، طرح طرح کے الزامات لگائے جاتے ہیں اور اسی چہار دیواری میں اپنی بیٹی کے ہر عیب کو چھپایا جاتا ہے یہ دوہرا معیار اور ڈھکوسلا نہیں تو اور کیا ہے اسی وجہ سے ایک بھری عدالت میں ایک جج نے سوال کیا تھا کہ گھر کی چہار دیواری میں صرف بہو کیوں حادثے کا شکار ہوتی ہے آخر نند حادثے کا شکار کیوں نہیں ہوتی ؟ وہ بیٹی رحمت ثابت ہوئی یا زحمت؟ جہاں تک بات مذہب اسلام کی تعلیمات کی ہے تو شادی بیاہ آسان بنایا گیا ہے مگر مسلمانوں نے شادی بیاہ کو مشکل سے مشکل بنا دیا اور فضول خرچیوں کا انبار لگا کر شادی بیاہ کو نمائش بنا کر رکھ دیا اور یہ سب کچھ آج وہ لوگ کر رہے ہیں جنھیں مذہبی مافیا کہا جاسکتا ہے آج مسلمانوں کی یونیورسٹیاں نہیں بن رہی ہیں بلکہ بڑی تیزی سے مسلم علاقوں میں میرج ہال بن رہے ہیں اور اسی میں شادی بیاہ کی تقریبات اور فضولیات پر مبنی رسومات کا اہتمام و انعقاد کیا جاتا ہے اور جہاں میرج ہال نہیں ہے وہاں مدارسِ اسلامیہ کے صحن میں کیا جاتا ہے مدارس کے ذمہ دار ایک بار نہیں کہتے ہیں کہ ہم فضول خرچیوں کا اظہار کرنے کے لئے صحن نہیں دیں گے،، کیوں: اس لئے کہ چندہ متاثر ہو جائے گا ایسے ذمہ داران کو مذہبی مافیا نہیں تو اور کیا کہا جائے گا جو غریبوں کی بیٹیوں کے لئے مشکلات پیدا کر رہے ہیں،، اور انہیں لوگوں کی دین ہے کہ آج مسلم لڑکیاں غیر مسلموں کے ساتھ بھاگ رہی ہیں اور مرتد بھی ہو رہی ہیں مہنگے مہنگے ہوٹلوں میں نمائشی انداز میں ہونے والی شادیوں میں وہ ہستیاں بھی شوبھا بڑھانے کے لئے پہنچتی ہیں جن کے کندھوں پر یہ ساری خرافات و رسم و رواج کے خلاف سینہ تان کر کھڑے ہونے کی ذمہ داری ہے،، ایک طرف کہا جاتا ہے کہ جہیز لعنت ہے اور دوسری طرف یہ لعنت ٹرکوں اور ٹریلاؤں پر لادلاد کر لے جایا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ یہ ترقی یافتہ زمانہ ہے،، ارے یاد رکھیں جو شادیاں فاقوں کی حالت میں سادگی کے ساتھ ہوئی اس کا تذکرہ آج ساڑھے چودہ سو سال بعد بھی ہو رہا ہے اور اس تذکرے پر اجر و ثواب بھی ملتا ہے اور آج کی مہنگی مہنگی شادیوں کو ویڈیوگرافی کے بعد بھی بھلا دیا جاتا ہے کسی بھی کتاب میں اس کا تذکرہ نہیں ہوتا۔ ہر بیٹی کسی نہ کسی کی بہو بنتی ہے اور ہر بہو کسی نہ کسی کی بیٹی ہوتی ہے پھر بھی آج تک بیٹی کو رحمت مانا جاتا ہے مگر صرف اپنی بیٹی کو اور دوسرے کی بیٹی کو زحمت مانا جاتا ہے،، گھر کی چہار دیواری میں صرف بہو حادثات کا شکار ہوتی ہے بیٹی اور نند نہیں کیونکہ بہو دوسرے کی بیٹی ہے اپنی نہیں،، بیٹی بستر پر سوئی رہے تو بیمار اور بہو کو بخار بھی ہو جائے تو وہ مکار کیونکہ وہ دوسرے کی بیٹی ہے،، ارے یہ نہیں بھولنا چاہئے کہ گھر کی چہار دیواری کے اندر بہو سارا کام اپنا گھر سمجھ کر کرتی ہے اسے تو بچے کو دودھ پلانے کی اجرت تک سسرال والوں سے لینے کی اجازت بھی ہے اور حق بھی ہے مگر پھر بھی وہ نہیں لیتی یہ اس کا احسان ہے بہت بڑی قربانی ہے مگر احساس نہیں کیونکہ وہ اپنی نہیں بلکہ دوسرے کی بیٹی ہے،، باتیں تلخ ضرور ہیں مگر یہی سماج و معاشرے کی سچائی ہے۔

## کرپٹو کرنسی منی لانڈرنگ معاملے میں
# شمال مشرقی چین میں چھ افراد گرفتار

بیجنگ۔ 14 رمئی۔ ایم این این۔ چین کے شمال مشرقی صوبے جیلین میں پولیس نے منی لانڈرنگ کے ایک کیس کے سلسلے میں چھ افراد کو گرفتار کیا ہے جس میں 14.2 بلین یوآن (296 ملین امریکی ڈالر) کی کرپٹو کرنسی کی جنوبی کوریا منتقلی شامل ہے۔ ریاست کے زیر انتظام چائنا نیوز سروس نے جمعہ کو رپورٹ کیا کہ پنشی شہر میں پولیس کی طرف سے جاری کردہ ایک بیان کے مطابق، جن اور شین، دو مشتبہ افراد کے کنیت، مبینہ طور پر کرنسی کے تبادلے کا غیر قانونی کاروبار کرتے تھے۔ پولیس کے مطابق، کچھ لوگوں کو ان کے پیسے سے دھوکہ دیا گیا، جنہوں نے اس بات کی نشاندہی نہیں کی کہ اس اسکیم میں کون سی کرپٹو کرنسی استعمال کی گئیں۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں کو اس اسکیم کے بارے میں اس وقت علم ہوا جب مشتبہ افراد کے ناموں کے بینک اکاؤنٹس نے "بڑی تعداد میں گاہک" پر مشتمل "بڑی ٹرانزیکشنز" دکھائیں۔ پولیس کے مطابق، اس سرگرمی میں ایک غیر قانونی زیر زمین بینک کی خصوصیات تھیں۔ پولیس نے کہا کہ جرائم پیشہ گروہ نے فنڈز حاصل کرنے کے لیے مین لینڈ چائنا کے بینک اکاؤنٹس کا استعمال کیا، جنہیں بعد ازاں کاؤنٹر کے اوور دی کاؤنٹر ایکسچینجز پر کرپٹو کرنسی خریدنے کے لیے استعمال کیا گیا۔ اس کے بعد کرپٹو کو سرحد پار کاروبار، جیسے ای کامرس فرموں اور دیگر درآمدی اور برآمدی کاروباروں کے لیے غیر ملکی کرنسی کے تبادلے کی سہولت کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔




سونے چاندی کے زیورات کی خریدی کا
شہر کا بھروسے مند نام
کلثوم جویلرس
صرافہ بازار، ناندیڑ
پروپرائٹر: محمد انیس : Mob: 9860871766

# پاکستانی فوجیوں کا مظاہرین پر سخت کریک ڈاؤن

مظفر آباد۔ 14 رمئی۔ ایم این این۔ پاکستان کے زیر قبضہ کشمیر (پی او کے) ڈڈیال میں بڑھتی ہوئی مہنگائی اور بجلی کی کٹوتیوں کے خلاف مظاہروں کے درمیان پولیس اور مظاہرین کے درمیان تصادم ہوا۔ ضلع میر پور میں ہونے والی جھڑپ میں متعدد افراد زخمی ہوئے اور پاکستانی حکام نے جمعہ کو کرفیو نافذ کرنے پر مجبور کیا۔ مظفر آباد میں ایف سی اور رینجر نفری کی تعیناتی پر درجنوں مظاہرین نے برہمی کا اظہار کیا اور پولیس کو بھگا دیا۔ رپورٹس میں میر پور میں اسکول کے طلباء پر آنسو گیس کے شیل فائر کیے جانے کی بھی نشاندہی کی گئی ہے۔ ریاستی بربریت کی مذمت کرتے ہوئے، حقوق کے کارکنوں نے پاکستانی وفاقی حکام کی طرف سے "ریاست کی سرپرستی میں ہونے والے تشدد" کو دفعہ 144 کے نفاذ اور مظفر آباد میں قانون ساز اسمبلی کے باہر 11 مئی کو ہونے والے مظاہروں کو روکنے کے لیے ایک ہتھکنڈے کے طور پر مسترد کیا۔ یونائیٹڈ کشمیر پیپلز نیشنل پارٹی (یو کے پی این پی) نے گرفتاریوں اور پاکستان کے غیر قانونی طور پر مقبوضہ علاقے میں دفعہ 144 کے نفاذ کی مذمت کی۔ پی او کے میں مقیم یو کے پی این پی نے علی شمریاز سمیت کارکنوں کی حالیہ گرفتاریوں اور پی او کے میں دفعہ 144 کے نفاذ کی بھی شدید مذمت کی۔ حقوق کے گروپوں نے ان قیدیوں کی حفاظت کے بارے میں تشویش کا اظہار کیا جنہیں مبینہ طور پر پاکستانی حکام کی جانب سے وحشیانہ مار پیٹ اور تشدد کا نشانہ بنایا گیا تھا۔ یو کے پی این پی کے رہنماؤں بشمول شوکت علی کشمیری اور ناصر عزیز خان نے پرامن کارکنوں کے خلاف کریک ڈاؤن اور سیکیورٹی فورسز کی بھاری تعیناتی پر مایوسی کا اظہار کیا۔ یو کے پی این پی رہنماؤں نے تمام گرفتار کارکنوں کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا اور اقوام متحدہ اور انسانی حقوق کی تنظیموں پر زور دیا کہ وہ پی او کے میں بگڑتی ہوئی صورتحال سے نمٹنے کے لیے فوری مداخلت کریں۔ برصغیر پاک و ہند کی تقسیم کے بعد سے ہی کشمیر پاکستان اور بھارت کے درمیان تنازعہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔ ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کے مطابق، انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیوں کے درمیان غیر قانونی طور پر مقبوضہ علاقے میں انسانی حقوق کی صورتحال پر زیادہ توجہ نہیں دی گئی۔ پی او کے میں قومی میڈیا کی محدود موجودگی کی وجہ سے، وہاں کم کوریج ہے، جس کے نتیجے میں خطے میں انسانی حقوق کی حالت کا اندازہ لگانے کے لیے کوئی اہم دستاویز دستیاب نہیں ہے۔ پچھلے سال، پی او کے نے گندم کے آٹے پر سبسڈی واپس لینے اور بجلی کی قیمتوں میں اضافے کے حکومت کے فیصلے کے خلاف بڑے پیمانے پر احتجاج کے درمیان انسانی حقوق کی شدید خلاف ورزیوں کا سامنا کیا۔ کارکنوں اور مظاہرین کے خلاف کریک ڈاؤن کے نتیجے میں گرفتاریاں ہوئیں، جن پر حراست میں تشدد کے الزامات لگائے گئے۔

## 2 گھنٹے قبل جسٹس بابر ستار کے خلاف سوشل میڈیا مہم کا معاملہ
# اسلام آباد ہائی کورٹ نے آئی ایس آئی، آئی بی اور ایف آئی اے کو نوٹسز جاری کر دیے




اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس بابر ستار کے خلاف سوشل میڈیا مہم پر توہین عدالت کی کارروائی کرنے والے تین رکنی بینچ نے فوج کے خفیہ ادارے آئی ایس آئی، سویلین خفیہ ادارے آئی بی اور ایف آئی اے کو نوٹسز جاری کیے ہیں۔ اس تین رکنی بینچ کے سربراہ جسٹس محسن اختر کیانی نے کہا ہے کہ ہم نے اس کیس میں فوج کے خفیہ ادارے آئی ایس آئی، سویلین خفیہ ادارے آئی بی، ایم آئی سمیت تمام خفیہ اداروں کے کردار کو دیکھنا ہے اور ذمہ داروں کا تعین کرنا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ایک حاضر سروس جج کے خلاف سوشل میڈیا مہم کیس پر اثر انداز ہونے اور کیس کی سماعت کرنے والے جج کو دباؤ میں لانے کے مترادف ہے۔ بینچ کے سربراہ کا کہنا تھا کہ ہمارے معزز جج کے خلاف سوشل میڈیا پر مہم چلائی گئی اور جسٹس بابر ستار کے خاندان کی ذاتی معلومات سوشل میڈیا پر شیئر کی گئیں۔ انھوں نے کہا کہ ایک حاضر سروس جج کی وہ معلومات پبلک کی گئیں جو کوئی عام بندہ نہیں نکال سکتا۔ جسٹس محسن اختر کیانی نے ریمارکس دیے کہ ذاتی معلومات یا تو سرکاری اداروں سے ہیک ہوتی ہے یا کسی ادارے نے دی ہوتی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ کسی میں اتنی ہمت نہیں کہ جج کو اپروچ (رسائی) کریں تاہم انھوں نے کسی ادارے کا نام لیے بغیر کہا کہ گروہ کام کرتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ 'وار فیئر بڑا آسان ہے مگر یہ وارفیئر صرف عدلیہ کے لیے کیوں؟' جسٹس محسن اختر کیانی کا کہنا تھا کہ یہ توہین عدالت کارروائی ان کے خلاف ہے جو مستقبل میں کسی جج کے خلاف ایسا کرنے کی جرات نہ کر سکے۔ عدالت نے توہین عدالت کے مقدمے کی سماعت اگلے ہفتے تک ملتوی کر دی۔ دوسری جانب جسٹس عامر فاروق کی سربراہی میں جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب اور جسٹس ارباب محمد طاہر پر مشتمل تین رکنی لارجر بینچ نے جسٹس محسن اختر کیانی کے خط پر سماعت کی۔ عدالت نے سینیئر صحافی مطیع اللہ جان، طلعت حسین، وقاص ملک اور پیمرا کو بھی نوٹس جاری کر دیا جبکہ عدالتی معاونت کیلئے سینئر صحافی و اینکر حامد میر، صدر پی ایف یو جے، احمد حسن اور احمر بلال صوفی کو نوٹس جاری کرتے ہوئے پیمرا کو ہدایت کی کہ نشر ہونے والے مواد کا متن فراہم کیا جائے۔ عدالت نے سماعت دو ہفتوں کے لیے ملتوی کر دی۔

# کیرالا لوک سبھا انتخابات 2024 امیدواروں کی فہرست

| | Constituency | INDIA | | | | NDA[2] | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | UDF | | LDF[3] | | | |
| 1 | Kasaragod | INC | Rajmohan Unnithan | CPI(M) | MV Balakrishnan | BJP | ML Ashwini |
| 2 | Kannur | INC | K. Sudhakaran | CPI(M) | MV Jayarajan | BJP | C Raghunath |
| 3 | Vatakara | INC | Shafi Parambil | CPI(M) | K. K. Shailaja | BJP | Prafulla Krishna |
| 4 | Wayanad | INC | Rahul Gandhi | CPI | Annie Raja[4] | BJP | K Surendran |
| 5 | Kozhikode | INC | MK Raghavan | CPI(M) | Elamaram Kareem | BJP | MT Ramesh |
| 6 | Malappuram | IUML | ET Mohammed Basheer | CPI(M) | V Vaseef | BJP | M Abdul Salam |
| 7 | Ponnani | IUML | Abdussamad Samadani | CPI(M) | K.S. Hamza | BJP | Niveditha Subramanian |
| 8 | Palakkad | INC | VK Sreekandan | CPI(M) | A Vijayaraghavan | BJP | C KrishnaKumar |
| 9 | Alathur (SC) | INC | Ramya Haridas | CPI(M) | K. Radhakrishnan | BJP | TN Sarasu |
| 10 | Thrissur | INC | K Muraleedharan | CPI | VS Sunil Kumar | BJP | Suresh Gopi |
| 11 | Chalakudy | INC | Benny Behanan | CPI(M) | C Raveendranath | BDJS | KA Unnikrishnan |
| 12 | Ernakulam | INC | Hibi Eden | CPI(M) | KJ Shine | BJP | KS Radhakrishnan |
| 13 | Idukki | INC | Dean Kuriakose | CPI(M) | Joice George | BDJS | Sangeetha Vishwanathan |
| 14 | Kottayam | KEC | Francis George | KC(M) | Thomas Chazhikadan | BDJS | Thushar Velapally |
| 15 | Alappuzha | INC | KC Venugopal | CPI(M) | AM Ariff | BJP | Sobha Surendran |
| 16 | Mavelikara (SC) | INC | Kodikunnil Suresh | CPI | CA Arun Kumar | BDJS | Baiju Kalasala |
| 17 | Pathanamthitta | INC | Anto Antony | CPI(M) | Thomas Issac | BJP | Anil Antony |
| 18 | Kollam | RSP | NK Premachandran | CPI(M) | Mukesh Madhavan | BJP | G Krishnakumar |
| 19 | Attingal | INC | Adoor Prakash | CPI(M) | V Joy | BJP | V Muraleedharan |
| 20 | Thiruvananthapuram | INC | Shashi Tharoor | CPI | Pannyan Raveendran | BJP | Rajeev Chandrasekhar |

# کرناٹک لوک سبھا انتخابات 2024 امیدواروں کی تفصیل

| | Constituency | NDA | | INDIA | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | Chikkodi | BJP | Annasaheb Jolle | INC | Priyanka Jarkiholi |
| 2 | Belgaum | BJP | Jagadish Shettar | INC | Mrunal Ravindra Hebbalkar |
| 3 | Bagalkot | BJP | P. C. Gaddigoudar | INC | Samyukta S Patil |
| 4 | Bijapur | BJP | Ramesh Jigajinagi | INC | H.R. Algur |
| 5 | Gulbarga | BJP | Umesh. G. Jadhav | INC | Radhakrishna |
| 6 | Raichur | BJP | Raja Amareshwara Naik | INC | G Kumair Naik |
| 7 | Bidar | BJP | Bhagwanth Khuba | INC | Sagar Khandre |
| 8 | Koppal | BJP | Basavaraj Kyavator | INC | K. Rajashekar Basavaraj Hintal |
| 9 | Bellary | BJP | B. Sriramulu | INC | E. Tukaram |
| 10 | Haveri | BJP | Basavaraj Bommai | INC | Anandswamy Gaddadevara Math |
| 11 | Dharwad | BJP | Pralhad Joshi | INC | Vinod Asooti |
| 12 | Uttara Kannada | BJP | Vishweshwar Hegde Kageri | INC | Anjali Nimbalkar |
| 13 | Davanagere | BJP | Gayathri Siddheshwara | INC | Prabha Mallikarjun |
| 14 | Shimoga | BJP | B. Y. Raghavendra | INC | Geeta Shivarajkumar |
| 15 | Udupi Chikmagalur | BJP | Kota Srinivas Poojary | INC | K. Jayaprakash Hegde |
| 16 | Hassan | JD(S) | Prajwal Revanna | INC | Shreyas Patel Gowda |
| 17 | Dakshina Kannada | BJP | Brijesh Chowta | INC | Padmaraj |
| 18 | Chitradurga | BJP | Govind Karjol | INC | B. N. Chandrappa |
| 19 | Tumkur | BJP | V. Somanna | INC | S. P. Muddahanumegowda |
| 19 | Tumkur | BJP | V. Somanna | INC | S. P. Muddahanumegowda |
| 20 | Mandya | JD(S) | H.D. Kumaraswamy | INC | Venkataramane Gowda |
| 21 | Mysore | BJP | Yaduveer Wadiyar | INC | M Lakshman |
| 22 | Chamarajanagar | BJP | S. Balaraj | INC | Sunil Bose |
| 23 | Bangalore Rural | BJP | C. N. Manjunath | INC | D. K. Suresh |
| 24 | Bangalore North | BJP | Shobha Karandlaje | INC | Rajeev Gowda |
| 25 | Bangalore Central | BJP | P. C. Mohan | INC | Mansoor Ali Khan |
| 26 | Bangalore South | BJP | Tejasvi Surya | INC | Soumya Reddy |
| 27 | Chikballapur | BJP | K. Sudhakar | INC | Raksha Ramaiah |
| 28 | Kolar | JD(S) | M Mallesh Babu | INC | K V Gowtham |

